24/06/2026
07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کے بلیٹن کے ساتھ میں سنجو کمار
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ بھارت نے پاکستان کی طرف سے اقوام متحدہ کے سلامتی کونسل میں کشمیر کا معاملہ اُٹھانے پر جتایا اعتراض۔

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میں سکاسٹ کشمیر کی یونیورسٹی کونسل میٹنگ منعقد //کونسل نے کئی ادارہ جاتی اصلاحات کو دی منظوری ۔

کوڈ منیجمنٹ نظام کےلئے QR *........ محکمہ ہینڈی کرافٹس اور ہینڈ لوم کشمیر کو جی آئی ایوارڈ عطا۔Skoch قومی سطح پر

اور

*........ محرم الحرام کی 8ویں تاریخ کی مناسبت سے عزاداری کے جلوسوں کا انعقاد۔

UN

بھارت نے اقوام متحدہ میں پاکستان کی جانب سے کشمیر کا معاملہ اُٹھائے جانے پر سخت اعتراض ظاہر کیا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان نے اس پلیٹ فارم کو سیاست کےلئے استعمال کرنا جا ری رکھا ہے۔ بھارت نے اس بات کےلئے بھی پاکستان کی شدید نکتہ چینی کی ہے کہ اُس نے معاون صدر کی اپنی پوزیشن کو غلط طور پر استعمال کیا ہے۔
اقوا م متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے پاکستان کے مستقل نمائندے عاصم افتخار احمد کی رائے زنی کے جواب میں یہ بات کہی۔ انہوننے جمونو کشمیر کے بارے میں بھارت کے دیرینہ موقف کو دہراتے ہوئے کہا کہ جمونکشمیر بھارت کا اندرونی معاملہ ہے۔

برکس

برکس ممالک کے قومی سلامتی کے مشیروں اور سینئر سکیورٹی افسران نے دہشت گردی اور سائبر خطرات سمیت سلامتی کو درپیش بہت سے عالمی چلینجوں سے نمٹنے کےلئے مضبوط تر اشتراک کےلئے کہا ہے ۔
میٹنگ سے خطاب کر تے ہوئے بھارت کے قومی سلامتی کے مشیر اجیت دووال نے اُبھرتے ہوئے سکیورٹی خطرات اور ڈیجیٹل دنیا میں دہشت گردی کے بدلتے طور طریقوں میں اضافے کے ازالے کےلئے برکس ممالک کے درمیان جامع بات چیت اور اشتراک کی ضرورت پر زور دیا۔

جتندر سنگھ

اسی دوران اسرو نے بھی برکس ممالک کے خلائی اداروں کے سربراہان کی ایک میٹنگ کی میزبانی کی ۔
سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ان سربراہوں کی ایک تصویر کو شیئر کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں خلائی سیکٹر میں بھی بھارت کا قد کافی اونچا ہوگیا ہے۔

قائمہ کمیٹی

پارلیمنٹ ممبر ششی تھرور کی سربراہی میں خارجی معاملوں سے متعلق پارلیمنٹ کی قائمہ کمیٹی ان دنوں جموں کشمیر اور لداخ کے دورے پر ہے ۔ کمیٹی کے ممبر ان دونوں یوٹیز میں

سرحدی سلامتی اور خارجہ پالیسی کے معاملات پر تبادلہ خیال کر رہے ہےں ۔ یہ کمیٹی 25 جون تک جموں ، سرینگر، لیہہ اور کرگل کے دور پر ہے ۔
قائمہ کمیٹی نے لوک بھون سرینگر مینلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقا ت کی اور اُن سے جموں کشمیر کی تعمیراتی سرگرمیوں کے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ لیفٹنٹ گورنر نے ممبران سے کہا کہ 2019 کے بعد جمونکشمیر میں امن و امان کے علاوہ دوسری سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری ہیں۔
اسی دوران قائمہ کمیٹی کے ممبروں نے سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے بھی ملاقات کر کے وزیر اعلیٰ کو اپنے دورے سے متعلق تفصیل دی ۔وزیر اعلیٰ اور کمیٹی ممبران نے جموں کشمیر میں تعمیراتی منظر نامے کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا ۔

امت شاہ
مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ26جون کو نئی دلی میں نارکو کارڈنیشن کی ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کرنے والے ہیں۔ وزیر موصوف منشیات کے انسداد سے متعلق ” ویژن کی 2025 کی سالانہ رپورٹ بھی جا ری کریں گے۔ NCB دستاویزبرائے منشیات کنٹرول“ اور یہ ویژن دستاویز وزیر اعظم نریندر مو دی کے منشیات سے پاک بھارت کے نظریے کو عملی جامہ پہنانے کےلئے ایک رہنما فریم ورک کے طور پر کام کرے گی۔ امت شاہ آن لائن ڈرگ ڈسپوزل کے بارے میں15روزہ مہم بھی شروع کریں گے ، جس میں6ہزار کروڑ روپے مالیت کی2لاکھ9ہزار500کلو گرام منشیات تلف کی جائیں گی۔
کے زونل دفاتر کا افتتاح بھی کریں گے۔NCBوہ جموں اور گوہاٹی میں

سکاسٹ
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج لوک بھون سرینگر میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کی36ویں یونیورسٹی کونسل میٹنگ کی صدارت کی۔میٹنگ مینکئی ادارہ جاتی اصلاحات کو منظوری دی گئی ۔میٹنگ میں وزیر اعلیٰ اوریونیورسٹی کے پرو چانسلر عمر عبداللہ بھی موجود تھے ۔انہوں نے کشمیر خطے کے زرعی منظر نامے میں سکاسٹ کشمیر کے بہترین رول کو اجاگر کرتے ہوئے اس کے عملے اور وہاں زیر تعلیم طالب علموں کی سراہنا کی ۔
میٹنگ مینزرعی تعلیم اور اختراع نیز توسیعی خدمات کو بڑھانے کی غرض سے تعلیمی، تحقیقاتی اور ادارہ جاتی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

سریندر
نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج گورنمنٹ ہائر اسکنڈری اسکول مجالتہ ادھمپور میں ایک عوامی رابطہ کاری کے کیمپ کی صدارت کرکے وہاں مقامی لوگوں کے مسائل و مطالبات کی سماعت کی ۔انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے جائز مسائل کوبر وقت حل کیاجائے گا۔
اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ نے اس بات کا اعتراف کیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی میں مرکزی سرکار نے جموں کشمیرمیں ترقیاتی اور تعمیراتی کاموں کیلئے فراخدانہ رقومات فراہم کئے ہیں۔

ستیش شرما
امو ر صارفین اور شہری رسدات کے وزیر ستیش شرما نے سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کیلئے تمام تر انتظامات بر وقت مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے ۔
آج اننت ناگ میں یاترا2026کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے بلائی گئی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے سبھی متعلقہ محکموں کو باہمی تال میل کیساتھ تمام انتظامات وقت سے پہلے مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

سکینہ ایتو
صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے رقومات کے منصفانہ استعمال کے ساتھ طبی نگہداشت کے سیکٹر میں بنیادی ڈھانچے کے سبھی پروجیکٹوں کو طے شدہ ضوابط پر عمل پیرا رہتے ہوئے ہر وقت مکمل کرنے پر زور دیا ہے۔
وزیر موصوف نے آج سُپر سپیشلٹی اسپتال سرینگر کے او پی ڈی کمپلیکس اور گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کے ملٹی فیسلٹی سینٹر پر جاری کام کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔
انہوننے ساتھ ہی سب ڈسڑکٹ اسپتال پہلگام میں زیر تعمیر50بستروں والی اضافی عمارت کے کام کا بھی جائزہ لیا ۔

جا وید ڈار
وزیر زراعت جا وید احمد ڈار نے شوپیان اور   اننت ناگ اضلاع کے ہارٹیکلچر زونز میں درختوں سے  خودبہ خود میوہ گرنے کے واقعات کا جائزہ لینے کےلئے آج ایک اعلیٰ سطحی جائز میٹنگ کی صدارت کی۔
انہوننے افسران کو ہدایت دی کہ وہ زمینی سطح پر تمام تر نقصانات کا جائزہ لیں اور اس سلسلے میں معیاد بند طور پر اپنی رپورٹیں جمع کرائیں۔ وزیر نے ڈائریکٹر ہارٹی کلچر کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت دی تاکہ درختوں سے میوہ گرنے کے اس معاملے کی تفصیلی جانچ کی جا سکے۔

جاوید رانا
جل شکتی اور ماحولیات کے وزیر جا وید احمد رانا نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار جمونو کشمیر کے ہر گھر کو صاف مناسب اور قابل اعتماد پینے کے پانی فراہم کرنے کےلئے پُرعزم ہے ۔ وہ اننت ناگ کے ڈورو قصبے میں آج MGD  ریپڈ سینڈ فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر رہے تھے۔
وزیر موصوف نے کہا کہ پینے کے پانی کے بنیادی ڈھانچے میں جدید یت لانے سے ہی لوگوں کےلئے پینے کے پانی کی وافر فراہمی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ اس سے قبل انہوننے قاضی گنڈ میں جل جیون مشن کے تحت واٹر سپلائی سکیم پر کئے جا رہے کام کاج کابھی جائزہ لیا۔

بریک
یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریناآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

پاسپورٹ دیوس
آج پاسپورٹ سیوار دِوس منایاجا رہاہے ۔ 24جون 1967کو پاسپورٹ سے متعلق قانون بنایاگیا تھا اور یہ دن اسی مناسبت سے منایاجاتا ہے ۔
وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ علاقائی پاسپورٹ دفاتر اور بیرون ممالک میں کام کرنے والے بھارتی مشنوں نے سال2025کے دوران ڈیڑھ کروڑ پاسپورٹ اجراءکئے ہیں۔وزارت نے مزید کہا ہے کہ گزشتہ برس دس پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر کھولے گئے ہیں اور اس سال بھی اتنی ہی تعداد میں ایسے کیندر کھولے جار ہے ہیں۔
وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ ایک اہم پیشرفت یہ بھی ہے کہ اب چپ والے پاسپورٹ کی شروعات ہو گئی ہے جو زیادہ محفوظ اور متحرک ہیں۔ ابھی تک ایک کروڑ47لاکھ چپ والے پاسپورٹ جاری کئے جا چکے ہیں۔

محرم

محرم الحرام کی 8تاریخ کی مناسبت سے آج وادی بھر میں عزاداری کے جلوس نکالےگئے۔علم شریف کا سب سے بڑا جلوس سرینگر کے گرو بازار سے ڈلگیٹ کی طرف بر آمد کیا گیا جس میں مختلف اضلاع سے آئے ہوئے عزاداروں کی ایک بڑی تعداد شرکت کی ۔
عقیدت مند وں نے مرثیہ اور نوحہ خوانی کر کے حضرت امام حسینؑ اور شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کیا۔
-----Nouha------
انتظامیہ نے جلوس کے احسن اور پر امن انعقاد کے لئے حفاظت کے سخت بندوبست کئے تھے ۔ اس دوران10محرم کو منائے جانے والے یوم عاشورہ کے سلسلے میں بھی تیاریوں اور انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔

NC
نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری اور راجیہ سبھا کے ممبر چودھری محمد رمضان نے کہا ہے کہ ریاستی درجے کی بحالی جموںو کشمیر کے عوام کا آئینی، جمہوری اور جائز حق ہے۔
پارٹی ہیڈ کواٹر سرینگر میں نیشنل کانفرنس کے عہدیداروں اور کارکنوں سے خطاب کر تے ہوئے انہوںنے مرکزی سرکار سے مطالبہ کیا کہ جموںو کشمیر کا ریاست کا درجہ مزید کسی تاخیر کے بغیر بحال کیا جانا چاہئے۔
چودھری رمضان نے عوام کو اپوزیشن کے منفی پروپگنڈا سے با خبر رہنے کی صلاح دی۔

BJP
BJP پردیش کے صدر اور راجیہ سبھا ممبرست شرما کی صدارت میں پارٹی ہیڈ کواٹر تریکوٹہ نگر جموں میں سلسلہ وار میٹنگیں منعقد ہوئیں جن کے دوران ڈاکٹر شاما پرساد مکھر جی سمرتی پکھواڑہ اور ڈیجیٹل تربیتی پروگراموں کے سلسلے مینتیاریوں کا جائزہ لیاگیا ۔

اننت ناگ
اننت ناگ ضلعے کے مٹن علاقے میں نارتھ زون کلچرل سینٹر اور جموںو کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کی طرف سے شری گرو تیغ بہادر کے350ویں شہیدی دیوس کی مناسبت سے ایک خصوصی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔
ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ نمائش کے دوران گرو تیغ بہادر جی کی تعلیمات، فلسفے اور ان کی عظیم قربانی نیز اُن کی زندگی کو درشانے والی مالا مال مصوری کو نمائش پر رکھا گیا تھا۔
اس موقعے پر محکمہ ثقافت کے پرنسپل سیکریٹری برج موہن شرما نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔
------Brij Mohan------

چمپئن شپ
کولگام ضلعے میں نیشنل ٹگ آف وار چمپئن شپ شروع ہو گئی ہے جس میں ملک بھر کی17ریاستوں سے آئی ہوئی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ چمپئن شپ کا افتتاح کُل ہند کانگریس کے MLA جنرل سیکریٹری اور ڈورو غلام احمد میر نے کیا۔ انہوںنے چمپئن شپ کا اہتمام کرنے والوں کو ایتھلیٹوں کےلئے اس طرح کا پلیٹ فارم فراہم کرنے پر شاباشی دی۔
افتتاحی تقریب پر چمپئن شپ میں حصہ لینے والے ایتھلیٹوں، اہم شخصیات اور مقامی کھیل شائقین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے کہا کہ قومی سطح کا یہ ایونٹ منعقد ہونے سے مقامی نوجوان بھی کھیل کود کی طرف راغب ہونے لگے ہیں۔

سیاح

وادی میں ان دنوں سیاحوں کا اچھا خاصا رش دیکھنے کو مل رہا ہے۔ سرینگر کے معروف جھیل ڈل اور مغل باغات کے علاوہ وادی کے دوسرے سیاحتی مقامات پر بھی سیاحوں کی اچھی تعداد رہی ہے جو یہاں کے قدرتی نظاروں سے کافی لطف محسوس کر رہے ہیں۔
........Tourists.....

نشہ مکت

جموںو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔
------LG------
اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق سے ایک سینئر ایڈوکیٹ عارض خان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
-----Ariz Khan------

Spot Round

محکمہ اعلیٰ تعلیم نے جموں کشمیر کے کالجوں میں تدریسی سال 2026-27 کیلئے انڈر گریجویٹ اور Integrated P.G کورسز میں داخلے کی خاطر Spot Round کا اعلان کیا ہے۔ اس عمل کے ذریعے داخلے کے دوسرے راؤنڈ کی تکمیل کے بعد باقی ماندہ خالی نشستوں کو پُر کیا جائے گا۔ جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے طالب علموں سے Spot Round تلقین کی ہے کہ وہ سے بھر پور استفادہ کریں۔

ایڈوئزری

تہران میں بھارت کے سفارتخانے نے ملک میں بہتر سکیورٹی حالات کے پیش نظر بھارتی شہریوں کیلئے نئے سرے سے ایڈوائزری جاری کی ہے ۔ حالیہ مثبت واقعات اور مجموعی صورتحال میں بہتری کے مد نظر سفارتخانے نے ہندوستانی باشندون کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سوچھ سمجھ کر اور احتیاط کے ساتھ ایران کا سفر کریں۔
بھارتی باشندوں کو یہ بھی صلاح دی گئی ہے کہ وہ اگلتے نوٹس تک غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔سفارتخانے نے یہ بھی کہا ہے کہ جو بھارتی باشندے اس وقت ایران میں ہیں اور جو ناگزیر وجوہات کی بنا پرایران کا سفر کرنا چاہتے ہیں وہ انتہائی احتیاط سے کام لیں ۔ حالات سے با خبر رہیں اور چوکسی برتیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت32ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت16.2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جموںمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت27.4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 21 منٹ اور
غروب آفتاب شام7 بجکر46منٹ پر ہو گا۔
اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹین ختم ہوا۔
خدا حافظ